باہم مل کر توانائی کی منصفانہ تقسیم کو فروغ دینا

کیلگری کی توانائی کی منصفانہ تقسیم کی حکمت عملی

کیلگری شہر کی توانائی کی منصفانہ تقسیم کی حکمت عملی کا مقصد یہ یقینی بناتے ہوئے کہ تمام گھرانوں کو قابل استطاعت، صاف توانائی تک رسائی حاصل ہو، آب و ہوا اور استطاعت کے بحران کو حل کرنا ہے۔ اس حکمت عملی کو کیلگری میں توانائی کی غیر منصفانہ تقسیم کا سامنا کرنے والے رہائشی افراد اور اس کام کی تائید کرنے والے متعلقہ فریقین کی رائے سے مرتب کیا گیا تھا۔

نظریہ

کیلگری توانائی کی منصفانہ تقسیم کا حامل ایک ایسا شہر ہے جہاں لوگ صاف توانائی کے ساتھ اپنے گھروں کے لیے مؤثر توانائی کی حامل حرارت، ٹھنڈک اور بجلی حاصل کر سکتے ہیں۔

مقصد

کیلگری شہر توانائی کی غیر منصفانہ تقسیم کا سامنا کرنے والے اپنے رہائشیوں کو خصوصی طور پر تشکیل دیے گئے اور قابل استطاعت انرجی ایکویٹی پروگرامنگ فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

ترجیحی شعبہ جات

توانائی کی غیر منصفانہ تقسیم کی پیچیدگی کے خاتمے کے لیے، یہ حکمت عملی کئی اہم ترجیحی شعبوں اور اقدامات پر مرکوز ہے۔

مؤثر گھریلو توانائی

- مؤثر توانائی کے اپ گریڈز اور آگہی
- مقامی پروگرامنگ

مشغولیت اور تعاون

- کمیونٹی کی مشغولیت جاری رکھنا
- تنظیموں اور حکومت کی دیگر سطحوں کے ساتھ تعاون

قابل استطاعت توانائی

- توانائی کی قیمتوں کی پالیسیوں کی وکالت
- شہر کی یوٹیلٹی فیس میں کمی

مانیٹرنگ اور رپورٹنگ

- مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کے فریم ورک کا قیام
- پیشرفت کی اطلاع دہی

مکمل حکمت عملی دیکھنے کے لیے QR کوڈ کو اسکین کریں یا calgary.ca/ClimateEquity ملاحظہ کریں

توانائی کی منصفانہ تقسیم کو سمجھنا

توانائی کی منصفانہ تقسیم یہ یقینی بناتی ہے کہ تمام گھرانوں کو معیاری طرز زندگی کے لیے قابل استطاعت توانائی تک رسائی حاصل ہو۔ توانائی کی غیر منصفانہ تقسیم اس وقت وقوع پذیر ہوتی ہے جب گھرانے دیگر بنیادی ضروریات کے ساتھ ساتھ اپنی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مشکلات کا سامنا کرتے ہیں، جس سے غیر متناسب طور پر عمر رسیدہ افراد، واحد فرد پر مشتمل گھرانے، نسل پرستی کے شکار گروپس، کرایہ دار اور دیگر پسماندہ کمیونٹیز متاثر ہوتی ہیں۔ اسے مؤثر گھریلو توانائی، یوٹیلٹی کی استطاعت پذیری اور ٹیکس کٹوتی کے بعد دستیاب آمدنی میں اضافے کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔

کیلگری میں ہر 7 میں سے 1

گھرانہ اپنے گھر کے لیے حرارت، ٹھنڈک اور توانائی کی استطاعت نہیں رکھتا

توانائی کی منصفانہ تقسیم کے فوائد

- بہتر صحت اور تندرستی
- آلودگی میں کمی
- معاشی بچتیں اور ملازمتوں کی تخلیق
- موسمیاتی لچک پذیری اضافہ
- کمیونٹی کے استحکام کی تشکیل
- تعلیمی مواقع